# 6002- سودی قرض کی ادائیگی کرنے والے کو سود دینا

## سوال

کیا ہم میں کسی ایک کے لیے ممکن ہے کہ وہ بنک سے حاصل کردہ سود کسی ایسے بھائی کو دے جو اسی بنک سے حاصل کردہ قرض کے فائدہ کی ادائیگی کرسکے، اس طرح ہم سب بنک کے ساتھ لین دین کا فائدہ حاصل کرسکیں گے ؟

## پسندیدہ جواب

الحمد للہ جب آپ
کو یہ ثابت ہوچکا کہ آپ کا دوست سود سے توبہ کرچکا ہے، اور یہ بھی ثابت ہوگیا کہ
اس پر قرض ہے جس کی ادائیگی کا مطالبہ کیا جارہا ہے، اور وہ ادائیگی کی استطاعت
نہیں رکھتا، تو آپ کو جو سود دیا گیا ہے وہ اسے دے کر چھٹکارا حاصل کرلیں, اور اگر
نہیں تو پھر نہ دیں.

واللہ اعلم.